اس کے بعد طلبہ کو سمجھائیے کہ polygon کے بیرونی زاویوں (exterior angles) کا مجموعہ (sum) 360° ہوتا ہے لہٰذا ایک بیرونی زاویہ معلوم کرنا ہو تو بیرونی زاویوں کے مجموعے کو polygon کے اطراف یا کناروں (sides) کی تعداد سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

اب سبق کو آگے بڑھاتے ہوئے طلبہ کو ایک مثلث triangle میں نامعلوم زاویوں کا حساب لگانا بتائیے۔ پہلے آپ انھیں مثلث triangle کی خصوصیات وضاحت سے بتائیے کہ مثلث ایک تین کناروں یا اطراف والا کثیرالاضلاع (polygon) ہے جس کے اندرونی زاویے (interior angles) مثلث کے اندر بنتے ہیں اور بیرونی زاویے (exterior angles) اس کے ہر sides کو بڑھا حاصل کیے جاتے ہیں۔



Interior angles: ∠1, ∠2, and ∠3



exterior angles: ∠4, ∠5, and ∠6

The sum of interior angles of a triangle equals to 180°. The adjecent interior and exterior angles of a triangle angles are supplementary; thus, their sum is 180°. An exterior angle of a triangle, however, is equal to the sum of the two opposite interior angles.





The sum of angles in a triangle is 180º, that is $m\angle A + m\angle B + m\angle C = 180°$. For example, in ΔABC, $m\angle A = 30°$ and $m\angle B = 45°$, m∠C will be calculated as:

$m\angle A + m\angle B + m\angle C = 180°$

$30° + 45° + m\angle C = 180°$

$75° + m\angle C = 180°$

$m\angle C = 180° - 75°$

$m\angle C = 105°$

Students often tend to think that all sides of a triangle are equal. This concept is wrong as there are three sides of the triangles based on the length of their sides; equilateral (all sides and angles are equal), isosceles (two sides and angles are equal) and scalene (no side or angles are equal).

Competency 2:

- Recognise quadrilaterals and their characteristics (parallel sides, equal sides, equal angles, right angles, and line of symmetry)

Stimulus: This competency requires students to revisit the previous competency. Recall with students that polygons are closed figures with straight lines. Polygons with four straight sides are called quadrilaterals. There are different kinds of quadrilaterals. Rectangles, squares, rhombus, trapezium and kite are all quadrilaterals. Explain to the students that they will be learning the properties of each quadrilateral. Using the following cheat sheet, explain each property of quadrilaterals.





Interior angles: ∠1, ∠2, and ∠3 exterior angles: ∠4, ∠5, and ∠6

مثلث کے اندرونی زاویوں کا مجموعہ 180° ہوتا ہے۔مثلث کے ملحقہ اندرونی اور بیرونی زاویے تکمیلی زاویے (supplementory angles) ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان کا مجموعہ بھی 180° ہوتا ہے۔ تاہم مثلث (triangle) کا ایک بیرونی زاویہ اس کے مخالف دو اندرونی زاویوں کے مجموعے کے برابر ہوتا ہے۔





مثلث کے اندرونی زاویوں کا مجموعہ 180° ہوتا ہے۔یعنی $m\angle C + m\angle B + m\angle A$ مثال کے طور پر اگر ΔABC میں $m\angle A = 30°$ اور $m\angle B = 45°$ تو پھر $m\angle C$ کا حساب اس طرح کیا جائے گا:

$m\angle A + m\angle B + m\angle C = 180°$

$30° + 45° + m\angle C = 180°$

$75° + m\angle C = 180°$

$m\angle C = 180° - 75°$

$m\angle C = 105°$

اکثر طلبہ کا خیال ہے کہ مثلث کی (sides) برابر ہوتی ہیں یہ تصور غلط ہے کیونکہ مثلث کے تین اطراف (sides) ان کے اطراف کی لمبائی کی بنیاد پر تین طرح کے ہیں۔مساوی الاضلاع مثلث (Equilateral) جس کے تمام اطراف اور زاویے برابر ہوتے ہیں۔ دو مساوی الاضلاع مثلث (isoscales) جن کے دو اطراف اور دو زاویے برابر ہوتے ہیں۔ غیر مساوی الاضلاع مثلث (scalene) جن میں کوئی بھی اطراف یا زاویہ برابر نہیں ہوتا۔

قابلیت ۲

- چار ضلعی (quadrilaterals) اشکال اور ان کی خصوصیات (متوازی اطراف، مساوی اطراف، مساوی زاویہ، زاویہ قائمہ اور خط تشاکل (line of symmetry) کو پہچانیں۔

محرک : اس قابلیت کو سیکھنے کے لیے ضروری ہے کہ طلبہ اپنی پچھلی قابلیت پر نظرثانی کریں لہٰذا طلبہ کو یاد دلایئے کہ کثیر الاضلاع (polygon) straight line والی بند اشکال ہیں ان کی چار اطراف straight ہوتی ہے اس لیے انھیں چار ضلعی (quadrilaterals) کہا جاتا ہے۔ چار ضلعی اشکال کی مختلف اقسام ہیں۔جن میں مستطیل (rectangles)، مربع (square)، مُعیّن (Rhombus)، ذوذنقہ (Trapezium) اور پتنگ (Kite) شامل ہیں۔طلبہ کو وضاحت سے بتایئے کہ وہ ہر چار ضلعی (quadrilaterals) اشکال کی خصوصیات کو سیکھیں گے۔ درج ذیل حوالہ جاتی جدول (cheat sheet) کو استعمال کرتے ہوئے ہر چار ضلعی (quadrilaterals) شکل کی خصوصیت کو وضاحت سے بیان کیجیے:

quadrilateral	Parallel sides	Equal sides	Interior sides	Diagonals
 Rectangle	There are two pairs of parallel sides.	Opposite sides are equal in length.	All four angles are right angles.	The two diagonals are equal in length. Diagonals bisect each other, i.e. $AE = EC$ and $BE = ED$.
 Square	There are two pairs of parallel sides.	All four sides are of the same length.	All four angles are right angles.	The diagonals are equal in length. Diagonals bisect each other at right angles, i.e. $A\hat{E}B = B\hat{E}C = A\hat{E}D = C\hat{E}D = 90^{\circ}$. Diagonals bisect the interior angles, e.g. $B\hat{A}C = C\hat{A}D = 45^{\circ}$ and $A\hat{B}D = C\hat{B}D = 45^{\circ}$.
 Parallelogram	There are two pairs of parallel sides.	Opposite sides are equal in length.	Opposite angles are equal, i.e. $A\hat{D}C = A\hat{B}C = B\hat{A}D = B\hat{C}D$.	Diagonals bisect each other, i.e. $AE = EC$ and $BE = ED$.
 Rhombus	There are two pairs of parallel sides.	All four sides are of the same length.	Opposite angles are equal, i.e. $A\hat{D}C = A\hat{B}C = B\hat{A}D = B\hat{C}D$.	The two diagonals are equal in length. Diagonals bisect each other, i.e. $AE = EC$ and $BE = ED$.
 Trapezium	There is at least one pair of parallel sides.			
 Kite	Opposite sides may be parallel.	There are two pairs of equal adjacent sides.		Diagonals cut each other at right angles, i.e. $A\hat{E}B = B\hat{E}C = A\hat{E}D = C\hat{E}D = 90^{\circ}$. Diagonals cut each other at right angles, i.e. $A\hat{D}B = C\hat{D}B = A\hat{B}D = C\hat{B}D$.

quadrilateral	Parallel sides	Equal sides	Interior sides	Diagonals
 Rectangle	There are two pairs of parallel sides.	Opposite sides are equal in length.	All four angles are right angles.	The two diagonals are equal in length. Diagonals bisect each other, i.e. $AE = EC$ and $BE = ED$.
 Square	There are two pairs of parallel sides.	All four sides are of the same length.	All four angles are right angles.	The diagonals are equal in length. Diagonals bisect each other at right angles, i.e. $A\hat{E}B = B\hat{E}C = A\hat{E}D = C\hat{E}D = 90^{\circ}$. Diagonals bisect the interior angles, e.g. $B\hat{A}C = C\hat{A}D = 45^{\circ}$ and $A\hat{B}D = C\hat{B}D = 45^{\circ}$.
 Parallelogram	There are two pairs of parallel sides.	Opposite sides are equal in length.	Opposite angles are equal, i.e. $A\hat{D}C = A\hat{B}C = B\hat{A}D = B\hat{C}D$.	Diagonals bisect each other, i.e. $AE = EC$ and $BE = ED$.
 Rhombus	There are two pairs of parallel sides.	All four sides are of the same length.	Opposite angles are equal, i.e. $A\hat{D}C = A\hat{B}C = B\hat{A}D = B\hat{C}D$.	The two diagonals are equal in length. Diagonals bisect each other, i.e. $AE = EC$ and $BE = ED$.
 Trapezium	There is at least one pair of parallel sides.			
 Kite	Opposite sides may be parallel.	There are two pairs of equal adjacent sides.		Diagonals cut each other at right angles, i.e. $A\hat{E}B = B\hat{E}C = A\hat{E}D = C\hat{E}D = 90^{\circ}$. Diagonals cut each other at right angles, i.e. $A\hat{D}B = C\hat{D}B = A\hat{B}D = C\hat{B}D$.

Point out to them that a quadrilateral is named by taking the vertices either in a clockwise or anticlockwise order. Hence, *ABCD*, *BCDA*, *CDAB* and *DABC* are correct ways of naming the quadrilateral, but *ABDC* and *CDBA* are not. Explain to the students that a diagonal forms a triangle, and if we are to draw a diagonal within the quadrilateral, we divide it into two triangles. The interior angle of one triangle is 180°. Therefore, the total interior angle of the quadrilateral is 180° + 180° = 360°. Use the textbook to help students find unknown angles of a quadrilateral.

Competency 3:

- Describe the properties of a circle: center, radius, diameter, chord, arc (major and minor), semi-circle and segment of a circle.

Stimulus: This competency requires students to identify different parts of a circle and differentiate between them. Start the lesson by asking the students to identify different circular objects in the classroom or in everyday life. Next, ask them what a circle is. Draw a circle on the board and mark a centre right in the middle of the circle. This point is the centre of the circle. The constant distance between the centre of the circle and any point of the circle is called the radius. Move on to explaining the different parts of the circle using the text from the textbook. You may use a cut-out circle and a thread to physically demonstrate the different parts of the circle. Furthermore, point out that arcs are not always half a circle. Differentiate between major and minor arc. Move on to completing the exercise from the book to help the students gain strength in this competency.

اس بات کی نشان دہی کیجیے کہ quadrilaterals کو نام دیتے ہوئے ان کے vertices کے گھڑی وار (clockwise) یا مخالف گھڑی وار (anticlockwise) ہونے کی ترتیب کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ لہٰذا *ABCD, BCDA, CDAB* اور *DABC* چارضلعی اشکال کو نام دینے کے یہ طریقے درست ہیں لیکن *ABDC* اور *CDBA* غلط ہیں۔ طلبہ کو واضح طور پر سمجھائیے کہ ایک وتر (diagonal) ایک مثلث (triangle) کو تشکیل دیتا ہے اور اگر ہم quadrilaterals کے اندر ایک وتر (diagonal) کھینچتے ہیں تو ہم اسے دو مثلثوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ چونکہ ہر مثلث کا اندرونی زاویہ 180^o ہے۔ لہٰذا quadrilateral کے اندرونی زاویوں کا مجموعہ ہوگا: $180^o + 180^o = 360^o$ اب درسی کتاب کی مدد سے طلبہ کو quadrilaterals کے نامعلوم زاویوں کو تلاش کروائیے۔

قابلیت ۳

- دائرے (circle) کی خصوصیات بیان کرسکیں : مرکز (Centre)، نصف قطر (Radius)، قطر (Diameters)، وتر (Chard)، قوس (Arc)، بڑی (major) اور چھوٹی (minor)، نیم دائرہ (semi circle) اور دائرے کا قطعہ segment of a circle۔

محرک : یہ قابلیت اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ طلبہ دائرے کے مختلف حصّوں کو پہچان سکیں اور ان کے درمیان موجود فرق کو جان سکیں۔ سبق کا آغاز اس طرح کریں کہ طلبہ سے کہیں کہ وہ روزمرّہ زندگی سے اور اپنی جماعت میں موجود گول چیزوں کو شناخت کریں۔ پھر طلبہ سے پوچھیے کہ دائرہ کسے کہتے ہیں؟ اور بورڈ پر ایک دائرہ بنائیے۔ اس کے عین وسط میں ایک نقطہ لگائیے یہ دائرے کا مرکز (centre) ہے۔ مرکز سے دائرے تک کا مستقل فاصلہ نصف قطر (radius) کہلاتا ہے۔ اب درسی کتاب کے متن کی مدد سے دائرے کے مختلف حصّوں کو بیان کیجیے اور اس کا عملی مظاہرہ کرنے کے لیے آپ دائرے کا cutout اور ایک دھاگہ استعمال کیجیے۔ مزید برآں نشان دہی کیجیے کہ Arc ہمیشہ آدھا دائرہ نہیں ہوتا، major اور minor کے درمیان فرق سمجھائیے۔ درسی کتاب میں دی گئی مشقوں کو کرنے سے طلبہ کو اس قابلیت پر عبور حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

Scheme of Work

Estimated Number of Periods: 15

Specific Learning Outcomes	Number of periods
• Differentiate between convex and concave polygons. • Understand the relationship between interior and exterior angles of polygons and between opposite interior and exterior angles in a triangle. • Calculate the interior and exterior angles of a polygon and the sum of interior angles of a polygon.	4
• Recognise quadrilaterals and their characteristics (square, rectangle, parallelogram, rhombus trapezium, and kite). • Calculate unknown angles in a triangle. • Calculate unknown angles in quadrilaterals using the properties of quadrilaterals (square, rectangle, parallelogram, rhombus, trapezium, and kite).	3
• Describe the properties of a circle; centre, radius, diameter, chord, arcs, major and minor arc, semi-circle, and segment of a circle.	3
	5

Prior Knowledge Assessment

Written Assignments

Exercise	Class Assignment	Home Assignment
8.1	1, 2, 4, 5, 6(b, c)	3, 6(a)
8.2	1(c – f), 2(c – f)	1(a, b), 2(a, b)
8.3	1, 2	

Evaluation

Ways to evaluate teaching and students learning.

- Oral assessment
- Written assessment
- Teacher's assessment
- Peer assessment
- Personal assessment

Review Worksheet

1. Encircle the correct answer in the following.

i. Shape ______________ is not an example of polygon.

A. 

B. 

C. 

D. 

ii. A polygon in which all the sides are equal is called ______________.

A. regular

B. irregular

C. rectangular

D. proper

iii. Shape ______________ is an example of concave polygon.

A.

B. 

C.

D. 

iv. The two diagonals of square are ______________.

A. parallel

B. equal

C. unequal

D. converging

v. Interior angle of a regular hexagon is ______________.

A. 180^{0}

B. 135^{0}

C. 120^{0}

D. 109^{0}

2. Find the value of unknowns in the following figures.

a.



b.



c.



f.



g.



3. Find the value of x.



4. Find the value of x and y.

a.



b.



5. Find the remaining angles in the following parallelograms:

a.



b.



c.



d.



e.



f.



Unit 9 Practical Geometry

Bilingual Concept Builder Notes

Competency 1

- Construct different types of triangles (equilateral, isosceles, scalene, acute-angled, right-angled, and obtuse-angled.

Stimulus: This competency would require students to use their knowledge of properties of various 2D shapes and apply it practically. From the previous competencies, students are aware that a triangle is a three-sided polygon. Begin the lesson by explaining students the different properties of triangles. Explain to the students that triangles are closed figures with three sides and vertices. A triangle has six components that determine its type. Triangles are named according to the sides and angles of the triangles.

Triangles that have three qual sides are equilateral triangles, triangles that have two equal sides are isosceles and triangles that have no equal sides are scalene. Similarly, triangles that have three angles less than 90° are acute angled triangles. Triangles with one angle more than 90° are obtuse angles triangles and triangles that has one angle exactly 90° are right-angled triangles. Point out to the students that a triangle can be uniquely determined and, in our case, constructed the components are known. Once the students have understood the types of triangles, move on to helping them construct figures more easily. Construction requires certain tools to be used. The correct use of these tools results in precise construction of angles and bisectors. Demonstrate the tools, pencil, ruler, protractor, and compass, in the classroom.

Emphasise the proper use of ruler, protractor, and compass. Tell the students to use a ruler that is not chipped from any side. Remind them to align the ruler properly when constructing, so it doesn't slip. When using the pencil, have the students sharpen it freshly so it is pointed and makes a thin line. Ask the students to draw light lines in case they need to be corrected. The correct use of protractors is also necessary during construction of angles and bisectors. If the protractor is not aligned with the starting point of construction, it may result in an angle that is either larger or smaller than the required angle. Students also tend to misread the protractor and construct incorrect angles (and read them from the opposite side, for example, make obtuse angles instead of acute angles), therefore, accurate measurement should be highly emphasised on. Similarly, the compass width is to be kept constant, so the radius of the arc does not change and results in an incorrect bisector. Point out to the students that when making an intersection with a line or an arc, they should ensure the angle of intersection is as close to 90° as possible.



عملی جیومیٹری

قابلیت ا

- مختلف اقسام کے مثلث (triangles) جیسے متساوی الاضلاع مثلث (equilateral)، مساوی الساقین مثلث (isosceles)، مختلف الاضلاع مثلث (scalene)، حادی زاویہ مثلث (acute-angled triangle)، قائم زاویہ مثلث (right-angled triangle) اور منفرجہ زاویہ مثلث (obtuse-angled triangle) کو بنا سکیں۔

محرک : اس قابلیت کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ طلبہ 2 ڈی اشکال (2D Shapes) کے حوالے سے اپنی گزشتہ معلومات کو بروئے کار لائیں اور اسے عملی طور پر لاگو کریں۔ گزشتہ قابلیتوں میں طلبہ نے جانا کہ مثلث (triangle) ایک تین ضلعی کثیر الاضلاع ہے۔ سبق کا آغاز تکون کی مختلف خصوصیات کی وضاحت کی کرتے ہوئے کیجیے۔ طلبہ کو بتائیے کہ مثلث ایک ایسی بند شکل (closed figures) ہے جس کے تین اضلاع اور تین کونے (vertices) ہیں۔ ایک مثلث کے 6 اجزا elements ہوتے ہیں جو اس کی قسم کا تعین کرتے ہیں۔ مثلثوں کے نام ان کے اضلاع اور زاویوں کی بنیاد پر رکھے گئے ہیں۔

وہ مثلث جن کے تین اضلاع برابر ہوتے ہیں وہ مساوی الاضلاع مثلث (equilateral) ہیں جن مثلث کے دو اضلاع برابر ہوتے ہیں وہ مساوی الساقین مثلث (isosceles) کہلاتے ہیں اور جن مثلثوں میں تینوں اضلاع مختلف ہوتے ہیں انھیں مختلف الاضلاع مثلث (scalene) کہتے ہیں۔ اسی طرح جن مثلثوں کے تینوں زاویے 90° سے کم ہوں وہ acute angled triangles کہلاتے ہیں۔ جن مثلثوں میں ایک زاویہ 90° درجے سے زیادہ ہوتا ہے وہ obtuse-angled مثلثیں ہیں۔ اور وہ جن میں ایک زاویہ عین 90° درجے کا ہوتا ہے انھیں قائمہ الزاویہ مثلث (right angled triangle) کہا جاتا ہے۔ یہاں یہ بات بھی واضح طور پر طلبہ کو بتائیے کہ ایک مثلث کا تعین انفرادی طور کیا جاسکتا ہے اور خصوصاً اس صورت میں جب اس کی ساخت کے اجزا معلوم ہوں تو اس مثلث کو بہ آسانی بنایا جاسکتا ہے۔ ایک بار طلبہ triangles کی اقسام کو اچھی طرح سمجھ لیں تب انھیں شکلیں (figures) بنانے میں مدد دیجیے تاکہ طلبہ بہ آسانی اسے کرسکیں۔ اشکال کی تشکیل کے لیے مخصوص اوزاروں (tools) کی ضرورت پڑتی ہے۔ مختلف قسم کے زاویوں اور وسطانی خطوط (bisectors) کی درست تشکیل کے لیے tools کا درست استعمال کرنا بھی بے حد اہم ہے لہٰذا طلبہ کو ان tools، پنسل، ruler، پروٹیکٹر اور پرکار (compass) کے استعمال کا عملی مظاہرہ کرکے دکھایئے۔

طلبہ کو ruler، پروٹیکٹر اور پرکار (compass) کے درست استعمال کرنے پر زور دیجیے۔ ہدایت کیجیے کہ وہ ایسا ruler استعمال نہ کریں جس کے کنارے ٹوٹے ہوئے یا خراب ہوں اور لائن کھینچتے ہوئے ruler کو قابو میں رکھیں۔ پنسل کی نوک کو اچھی طرح تراشیں تاکہ ایک واضح اور باریک لائن کو کھینچ سکیں۔ ہلکی لکیر بنایئے تاکہ غلطی ہوجانے پر بہ آسانی مٹا کر درست کرسکیں۔ زاویوں اور وسطانی خطوط (bisectors) کی تشکیل کے دوران پروٹیکٹر کو درست طریقے سے استعمال کیجیے اگر پروٹیکٹر تشکیل کے نقطۂ آغاز پر درست طریقے سے نہ رکھا جائے تو زاویہ، مطلوبہ زاویے سے بڑا یا چھوٹا بن سکتا ہے۔ طلبہ بھی پروٹیکٹر کو پڑھنے میں غلطی کرتے ہیں اور غلط زاویہ بناتے ہیں جیسے کہ زاویے کو مخالف سمت سے پڑھنا مثال کے طور پر acute زاویے کی بجائے obtus زاویہ بنالینا اس لیے درست پیمائش پر زیادہ زور دینا چاہیے۔ اسی طرح پرکار پر اپنی گرفت کو مستقل رکھنا تاکہ arc کا radius تبدیل نہ ہو اور وسطانی خط (bisector) غلط نہ بنے۔ طلبہ کو یہ بات بھی واضح طور پر بتائیے کہ جب کسی لکیر یا قوس کے ساتھ تقاطع (intersection) بنارہے ہوں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ تقاطع (intersection) کا زاویہ جتنا ممکن ہوسکے۔ 90° درجے کے قریب ہو۔



Furthermore, ask them to carefully draw a line through a point to ensure accuracy.



All construction lines must be shown clearly, and none of them should be erased. Using all steps from the textbook as they are, go through construction with the students step-by-step. This chapter requires a lot of practice to gain mastery, therefore, help the students carry out questions from the exercises and independent worksheets as guided and independent practice.

Competency 2:

- Recognise, identify, and draw lines of symmetry in 2D shapes and rotate objects using rotational symmetry.
- Find the order of rotational symmetry.

Stimulus: Begin the lesson by recalling with the students what rotation is. It is the process of turning an object around a fixed point. One complete rotation is when an object is turned about at a fixed point by an angle of 360°. If a square is rotated at a fixed point, we get exactly the same shape after 90º. However, in case of a rectangle, we get exactly the same shape after 180º. Such figures or objects which can be rotated to get the same shape in less than one full circle are said to have rotational symmetry.

Next, cut a cardboard triangle. Place it on the board and put a thumb pin on one of its vertices to keep it in place. Next, rotate the triangle at an angle on 90º clockwise. The position on the triangle changes. Do so three more times and the triangle will come back to its original position. It took 360º to come back to its original position. We say that the angle of rotation for the triangle is 360º. Explain to the students that the minimum angle through which the figure has to be rotated to get the original figure is called the angle of rotation. And the point about which the figure is rotated is known as the centre of rotation. Use cut-out of different figures and shapes to determine the angle of rotation with the students. Once the students can successfully determine the angle of rotation, use the skills to help them determine the order of rotational symmetry. The order of rotational symmetry is the number that tells us how many times an object or figure looks exactly the same while it is rotated by 360º. That is, if the angle of rotation is x^{o}, then the order of rotation is $\frac{360^{o}}{x^{o}}$. Use the previous example of a rectangle to determine its order of rotation. Since it takes 180º for a rectangle to come back to the same shape, the order of rotational symmetry will be $\frac{360}{180} = 2$. Point out to the students that no object has 0 order of rotational symmetry. Every figure or object has at least 1 order of rotational symmetry as it takes $360^{=}$ to come back to its original place after one complete rotation. Students may often think that any shape that looks the same when turned has rotational symmetry. Therefore, emphasise that the shape needs to make an entire 360° turn for it to have rotational symmetry. Use different examples of cut-outs to show students' rotational symmetry. The following table will help you.

مزید برآں ایسی لکیر (line) کی درستگی کو یقینی بنانے کے لیے جو کسی نقطے سے گزرتی ہو انھیں زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔



بنائی جانے والی تمام لائنیں واضح طور پر دکھائی دینی چاہییں اور ان میں سے کسی کو بھی نہیں مٹانا چاہیے۔ درسی کتاب میں دیے گئے تمام مراحل کو اسی ترتیب میں استعمال کرتے ہوئے طلبہ کے ساتھ تشکیل کے عمل کو مکمل کیجیے۔ اس باب میں مہارت حاصل کرنے کے لیے بہت زیادہ مشق کرنے کی ضرورت ہے لہٰذا طلبہ کو دی گئی ہدایات کے مطابق مشقی سوالات اور اضافی مشقیں اور ورک شیٹ پر کام کروائیے۔

قابلیت ۲

- دو جہتی اشکال (2D Shapes) میں خط تشاکل (Line of symmetry) کو پہچانیں اور کھینچیں اور اشیا کو (rotational symmetry) کا استعمال کرتے ہوئے اشیا کو گھما سکیں۔
- rotational symmetry کی ترتیب معلوم کرسکیں۔

محرک: سبق کا آغاز طلبہ کو یہ یاد دلاتے ہوئے کیجیے کہ گردش سے کیا مراد ہے؟ کسی شے کو ایک مقررہ نقطے (fixed point) کے گرد گھمانے کا عمل گردش ہے۔ جب کوئی چیز 360° کے زاویے سے ایک مقررہ نقطے پر گھمائی جاتی ہے تو اسے ایک مکمل گردش کہتے ہیں۔ اگر ایک مربع شکل کو ایک نقطے کے گرد گھمایا جائے تو ہمیں 90° کے بعد بالکل وہی شکل ملتی ہے تاہم مستطیل کی شکل میں ہمیں بالکل وہی شکل 180° کے بعد ملتی ہے۔ ایسی اشیا جنھیں ایک مکمل دائرہ مکمل کیے بغیر گھما کر وہی شکل حاصل کی جاسکے وہ rotational symmetry رکھتی ہیں۔

اس کے بعد ایک گتّے کا مثلث کاٹیں اور اسے بورڈ پر رکھ کر اس کے کسی ایک کونے پر پن لگادیں تاکہ اسے گھماتے وقت وہ اپنی جگہ پر قائم رہے اب اس گتّے کے مثلث کو گھڑی وار (clockwise) سمت میں 90° درجے کے زاویے پر گھمائیں۔ مثلث کی پوزیشن بدل جائے گی یہی عمل آپ تین بار دہرائیں گے تو مثلث واپس اپنی اصل جگہ پر آجائے گا۔ اسے اپنی اصل پوزیشن پر آنے میں 360° درجے لگے۔ لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ مثلث کا گردشی زاویہ 360° درجے ہے طلبہ کو سمجھائیے کہ وہ کم سے کم زاویہ جس کے ذریعے کسی شکل کو گھما کر اسے اصل شکل میں لایا جاسکے۔ اس کا 'زاویہ گردش' کہتے ہیں۔ اور وہ نقطہ جس پر شکل کو گھمایا جاتا ہے وہ مرکز گردش کہلاتا ہے۔ اب مختلف اشکال والے cutouts کو استعمال کرتے ہوئے طلبہ کے ساتھ مل کر ان کے زاویۂ گردش معلوم کیجیے۔ جب طلبہ زاویۂ گردش کا تعین کرلیں تو ان کی اس صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے انھیں rotational symmetry کی ترتیب کو معلوم کرنے میں ان کی مدد کریں۔ rotational symmetry یہ بتاتی ہے کہ کوئی شکل یا چیز 360° درجے مکمل کرنے کے دوران کتنی بار اپنی اصل شکل میں دکھائی دی۔ یعنی اگر زاویۂ گردش x° ہے تب order of rotation $\frac{360^\circ}{x^\circ}$ اس ہے اس کی گردش کی ترتیب کا تعین کرنے کے لیے ہم مستطیل (rectangle) کی گزشتہ مثال کا استعمال کریں گے۔ چونکہ مستطیل 180° پر واپس اپنی اصل شکل میں آجاتا ہے لہٰذا اس کی rotational symmetry کی ترتیب ہوگی $2 = \frac{360}{180}$ یہاں طلبہ کو یہ بات سمجھائیے کہ کسی بھی چیز کا order of rotational symmetry صفر '0' نہیں ہوتا۔ ہر شکل کی کم از کم گردشی ترتیب 1 ضرور ہوتی ہے۔ کیونکہ 360° کی گردش مکمل کرنے کے بعد وہ اپنی اصل جگہ یا حالت میں لوٹ آتی ہے۔ اکثر طلبہ یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی شکل جو گھمانے پر ایک جیسی دکھائی دے اس میں rotational symmetry ہوتی ہے لہٰذا اس بات پر زور دیجیے کہ کسی بھی شکل میں rotational symmetry اس وقت ہوتی ہے جب وہ مکمل طور پر 360° کا چکر لگا کر اپنی اصل حالت میں لوٹ آئے۔ طلبہ کو گردشی ہم آہنگی rotational symmetry دکھانے کے لیے مختلف قسم کے cutouts کو بطور مثال استعمال کیجیے۔ مندرجہ ذیل جدول آپ کو عملی کام کروانے میں مدد فراہم کرے گا۔

Cut-out of shape	Order of Rotational Symmetry
Square	4
Equilateral triangle	3
Irregular polygon	1
Hexagon	6

Competency 3:

- Translate an object and give precise description of transformation.

Stimulus: In primary grades, students were taught to move, slide and rotate an object without using a grid. Here, they will learn how to slide or move an object using correct calculations. Begin the lesson by describing to the students what translation is. Explain to them that translation is the movement or shifting of a figure from one place to another straight line without changing its shape, size or orientation. This is done by moving the vertices of the figure to the prescribed number of spaces on a coordinate plane and then drawing the new figure. The shape stays the same size and does not turn. Translation of a shape is a transformation whereby a shape moves towards right or left, and up or down. To translate a shape we move each of its vertex under the given translation. If a point (x, y) moves 'a' units right, we add a to x and if it moves left we subtract a from x. Similarly, if the point moves 'b' units up, we add b to y and if it moves down, we subtract b from y. Using the examples in the textbook, explain to the students how one figure can be translated.

Cut-out of shape	Order of Rotational Symmetry
Square	4
Equilateral triangle	3
Irregular polygon	1
Hexagon	6

قابلیت ۳

- کسی object کو منتقل (translate) کریں اور اس کی منتقلی کو (مختصراً) وضاحت کے ساتھ بیان کرسکیں۔

محرک: ابتدائی یا پرائمری جماعتوں میں طلبہ نے grid استعمال کیے بغیر کسی چیز کو حرکت دینا، پھسلانا (slide) اور گھمانا (rotate) سیکھا تھا اس جماعت میں وہ سیکھیں گے کہ کس طرح درست calculation کرکے کسی شکل کو کیسے پھسلایا (slide) اور منتقل کیا جاتا ہے۔ سبق کا آغاز کرتے ہوئے طلبہ سے سوال کیجیے کہ ان کے خیال میں منتقلی Translation کیا ہے؟ اب اس بات کی وضاحت کیجیے کہ منتقلی دراصل تبدیلی ایک ایسا عمل ہے جس میں کسی شکل یا تصویر کو اس کی جسامت، شکل یا رخ کو تبدیل کیے بغیر ایک سیدھی سمت میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جاتا ہے۔ یہ عمل اس وقت مکمل ہوتا ہے جب کسی شکل (figure) کے کونوں (vertices) کو مخصوص تعداد میں خانوں (spaces) کے مطابق coordinate plane پر منتقل کیا جائے اور پھر نئی شکل (figure) کو بنایا جائے اس عمل میں شکل کا ایک سائز ایک ہی رہتا ہے اور وہ turn بھی نہیں ہوتی۔ کسی شکل کی ٹرانسلیشن ایک ایسی ٹرانسفارمیشن ہے جس کے تحت ایک شکل دائیں یا بائیں اور اوپر یا نیچے کی طرف حرکت کرتی ہے۔ کسی شکل کی ٹرانسلیشن کرنے کے لیے ہم اس کے ہر vertex کو دیے گئے ٹرانسلیشن کے نیچے منتقل کرتے ہیں اگر کوئی نقطہ point (x,y) اور وہ 'a' یونٹ دائیں جائے تو ہم x میں a کو add کرتے ہیں اگر یہ بائیں جائے تو ہم x میں سے a کو منہا کرتے ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی نقطہ 'b' یونٹ اوپر جائے تو ہم y میں b کو جمع (add) کرتے ہیں اگر یہ نیچے جائے تو ہم y میں سے b کو منہا کرتے ہیں۔ کتاب میں دی گئی مثالوں کو استعمال کرتے ہوئے طلبہ کو سمجھائیے کہ کسی شکل (figure) کو Translate کیسے کیا جاتا ہے۔

Scheme of Work

Estimated Number of Periods: 10

Specific Learning Outcomes	Number of periods
• Construct different types of triangles (equilateral, isosceles, scalene, acute-angled, right-angled, and obtuse-angled	6
• Recognise, identify, and draw lines of symmetry in 2D shapes and rotate objects using rotational symmetry. • Find the order of rotational symmetry. • Translate an object and give precise description of transformation. • Know that the perpendicular distance from a point to a line is the shortest distance to the line.	4

Prior Knowledge Assessment

Written Assignments

Exercise	Class Assignment	Home Assignment
9.1	2, 3, 5, 7, 8	1, 4, 6
9.2	1, 2, 3(b, c), 4(b)	3(a), 4(a)

Evaluation

Ways to evaluate teaching and students learning.

- Oral assessment
- Written assessment
- Teacher's assessment
- Peer assessment
- Personal assessment

Review Worksheet

1. Tick the correct answer in the following.

i. Only two sides of triangle are equal ______________.

A. an equiangular **B.** a scalene

C. an equilateral **D.** an isosceles

ii. Sum of measures of three angles of a triangle is ______________.

A. 45° **B.** 160°

C. 180° **D.** 360°

iii. ______________ triangle corresponds to m ∠A = 60°, m ∠B = 90°, and m ∠C = 30°

A. right-angled **B.** acute-angled

C. obtuse-angled **D.** equailateral

iv. Interior angle of an equilateral triangle is ______________.

A. 180^0 **B.** 120^0

C. 90^0 **D.** 60^0

2. Construct the following triangles.

a. Triangle ABC when length of sides are 4.3cm, 6cm and 3.8cm.

b. Triangle XYZ when XY = 5.6cm, YZ = 4cm, ∠Y = 75^0

c. Triangle PQR when RQ = 5.2cm, ∠R = 30^0, ∠Q =120^0

d. Triangle DEF when hypotenuse and one side are 5.7cm and 4.5cm long respectively.

3. Construct a triangle LMN of suitable measurement. Draw a perpendicular from N to $\overline{LM}$. Measure its length.

4. Draw $\overline{AB}$ = 5cm. Mark a point P outside the segment, and draw perpendicular from P to $\overline{AB}$.

5. Translate each shape using the given translation.

a. move over 4 units down and 3 units right



b. move over 4 units down and 6 units left



Unit 10 Measurement

Bilingual Concept Builder Notes

Competency 1

- Convert between standard units of distance and area
- Convert 12-hour clock to 24-hour clock and vice versa
- Convert between different units of time and speed
- Differentiate between uniform speed and average speed
- Calculate arrival time, departure time, and journey time in each situation

Stimulus: The outcome of this competency depends on the students' ability to use their arithmetic skills to convert between different units. Students have prior knowledge of conversion of units of distance and time from primary classes. However, here they will convert between units that are squared and cubed. Begin the lesson by introducing the SI units as the international system of units that have dedicated a particular unit to quantities. The SI units are essential to ensure consistency and accuracy in measurement throughout the world. For example, the SI unit of length is m, the SI unit of mass is kilogram, and the SI unit of time is second. There are other SI units too, but these three are the most common ones that students will deal with at this grade level. Since the units of the area are squared, the students will learn the conversion of squared units.

Explain to the students that when converting from a bigger unit to a smaller unit, we multiply and when converting from a bigger unit to a smaller unit, we divide. Inform them that $1m^2 = 10000\ cm^2$ because when converting m^2 to cm^2, the following is done:

$1\ m \times 1\ m = 1m^2$
But, $1\ m = 100\ cm$
$1m^2 = 100 \times 100\ cm^2$
$1m^2 = 10000\ cm^2$

Similarly, when converting cm^2 to m^2, the quantity in cm^2 is divided by $10000\ cm^2$. Or another method of converting cm^2 to m^2 as follows:

$1\ m = 100\ cm$
so, $1\ cm = \frac{1}{100}\ m$
$1\ cm = 0.01\ m$
$1\ cm^2 = 0.01 \times 0.01\ m^2$
$1\ cm^{2} = 0.0001\ m^2$

باب
۱۰
پیمائش

قابلیت ۱

- فاصلے اور رقبے (area) کی معیاری اکائیوں کو آپس میں تبدیل (convert) کرسکیں۔
- 12 گھنٹے والی گھڑی کو 24 گھنٹوں والی گھڑی میں اور اس کے برعکس وقت کو تبدیل کرسکیں۔
- وقت اور رفتار کی مختلف اکائیوں کو آپس میں تبدیل کرسکیں۔
- یکساں رفتار اور اوسط رفتار میں فرق کرسکیں۔
- آمد کا وقت، روانگی کا وقت اور سفر کے اوقات کا دی گئی situation کے مطابق حساب کتاب لگا سکیں۔

محرک: اس قابلیت کا نتیجہ طلبہ کی مختلف پیمائشی اکائیوں کو ایک دوسرے میں تبدیل کرنے کی ریاضی کی مہارتوں کو استعمال کرنے کی صلاحیت پر منحصر ہے طلبہ ابتدائی جماعتوں سے فاصلے اور وقت کی اکائیوں کی تبدیلی کا علم رکھتے ہیں تاہم وہ یہاں پر مربع (squared) اور مکعب (cubed) کی اکائیوں میں تبدیلی کو سیکھیں گے۔ سبق کا آغاز (S1 Units) کو اکائیوں کے بین الاقوامی نظام کے طور پر متعارف کرواتے ہوئے کیجیے جس میں ہر مقدار کے لیے مخصوص اکائی مقرر کی گئی ہے (S1 Units) کا استعمال دنیا بھر میں پیائش میں یکسانیت اور درستی کو یقینی بنانے کے لیے اشد ضروری ہے۔مثال کے طور پر لمبائی کی S1 اکائی میٹر (m) ہے، کمیت کی S1 اکائی کلوگرام (kg) ہے اور وقت کی S1 اکائی سیکنڈ ہے۔ دیگر S1 اکائیاں بھی موجود ہیں لیکن یہ تین سب سے عام ہیں جن سے طلبہ کا اس جماعت میں سابقہ پڑے گا۔ کیونکہ رقبے کی اکائیاں مربع (squared) ہیں لہٰذا طلبہ مربع اکائیوں (units) کو تبدیلی کرنا سیکھیں گے۔

طلبہ کو وضاحت سے یہ بات سمجھایئے کہ جب کسی بڑی S1 کو چھوٹی اکائی میں تبدیل کرنا ہو تو ہم ضرب کرتے ہیں اور جب چھوٹی اکائی کو بڑی اکائی میں تبدیل کرنا ہو تو ہم تقسیم کرتے ہیں۔ انھیں یہ بھی بتایئے کہ $1m^2 = 10000\ cm^2$ کیونکہ جب m^2 کو cm^2 میں تبدیل کرنا ہو تو درج ذیل طریقہ اپنایا جاتا ہے:

$1\ m \times 1\ m = 1m^2$
But, $1\ m = 100\ cm$
$1m^2 = 100 \times 100\ cm^2$
$1m^2 = 10000\ cm^2$

اسی طرح جب cm^2 کو m^2 میں تبدیل کرنا ہو تو cm^2 میں موجود مقدار کو $10000\ cm^2$ سے تقسیم کرتے ہیں یا cm^2 کو m^2 میں تبدیل کرنے کا ایک اور طریقہ بھی ہے جو مندرجہ ذیل ہے۔

$1\ m = 100\ cm$
so, $1\ cm = \frac{1}{100}\ m$
$1\ cm = 0.01\ m$
$1\ cm^2 = 0.01 \times 0.01\ m^2$
$1\ cm^2 = 0.0001\ m^2$

Therefore, any quantity when converted from cm^2 to m^2, can also be multiplied by 0.0001 cm^2. Similarly, when calculating volume, the measurements are cubed. For example, when cm^3 is converted to mm^3, the quantities are first cubed and then calculated.

$1\ cm \times 1\ cm \times 1\ cm = 1\ cm^3$
But, $1\ cm = 10\ mm$
$1\ cm^3 = 10 \times 10 \times 10\ mm^3$
$1\ cm^3 = 1000\ cm^3$

Similarly, $1\ m^3 = 1000000\ cm^3$ and $1\ cm^3 = 0.000001\ m^3$. Use different quantities to help students gain mastery in conversion of one unit to another unit. Students often make the mistake of first converting the units and the squaring or cubing it. Emphasize that the units first need to be squared or cubed before they are converted. Furthermore, they make the mistake of dividing when converting smaller to larger units and multiplying when converting larger to smaller units. Therefore, it is important to teach them to identify the direction of conversion or use conversion ladder to show arrows of down (×) and up (÷). Once the students are able to confidently convert units, move onto teaching them the conversion of time. Students have prior knowledge of how to read and convert units of time. This competency requires students to successfully convert time from 12-hour to 24-hour and vice versa. The best way to do so is to add or subtract 12 from the hours. For example, to convert 3.15 pm into 24-hour time, 12 is added to 3.15. The time in 24-hour time is 15.15. Similarly, to convert 17.00 hours into 12-hour, 12 is subtracted and p.m. is added. So, the time is 5.00 p.m. When converting 12-hour and 24-hour times, point out to the students that 12 p.m. stays as it is while 12 a.m. becomes either 0.00. Move onto teaching the students how to solve problems of time duration. Like all other world problems, students need to look out for clues to determine whether they have to add or subtract time. When time is added, if the sum is greater or equal to 60, carry it over. For example, if the sum is 95 minutes, 60 mins from it are carried over to the hours and it becomes 1 hour and 35 mins. Similarly, during subtraction, 60 minutes/seconds can be borrowed from hours and minutes respectively. Use the examples and exercises from the textbook to help students solidify this concept.

Now that students are familiar with units of time and distance, they will now learn how distance and time are related. The distance travelled over a particular period of time is known as the speed of an object. Use the textbook to help the students understand the relationship between distance, time and speed.

لہٰذا کسی مقدار کو cm^2 سے m^2 میں تبدیل کرنے کے لیے اسے $0.0001\ cm^2$ سے ضرب بھی کیا جا سکتا ہے اس طرح جب حجم (volume) کا حساب لگایا جائے تو پیمائشوں کو cubed کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر جب cm^2 کو mm^3 میں تبدیل کرنا ہو تو پہلے مقداروں کی پیمائشوں کو cubed کیا جاتا ہے اور پھر حساب لگایا جاتا ہے۔

$1\ cm \times 1\ cm \times 1\ cm = 1\ cm^3$
But, $1\ cm = 10\ mm$
$1\ cm^3 = 10 \times 10 \times 10\ mm^3$
$1\ cm^3 = 1000\ cm^3$

اسی طرح $1\ m^3 = 1000000\ cm^3$ اور $1\ cm^3 = 0.000001\ m^3$ طلبہ کو ایک اکائی (unit) سے دوسری اکائی (unit) میں تبدیلی کی مہارت پر عبور حاصل کرنے کے لیے مختلف مقداروں کو استعمال کیجیے۔ زیادہ تر طلبہ یہ غلطی کرتے ہیں کہ وہ پہلے اکائی (unit) کو تبدیل کرتے ہیں اور پھر اسے اسکوائر یا کیوبڈ کرتے ہیں لہٰذا اس نکتے پر زور دیجیے کہ اکائیوں (units) کو تبدیل کرنے سے پہلے انھیں اسکوائر یا کیوبڈ (cubed) کیا جاتا ہے۔مزید برآں وہ چھوٹی اکائیوں کو بڑی اکائیوں میں تبدیل کرتے ہوئے تقسیم کرنے میں اور بڑی اکائیوں کو چھوٹی اکائیوں میں تبدیل کرتے ہوئے ضرب کرنے میں غلطی کرتے ہیں۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ انھیں تبدیلی کی سمت کو معلوم کرنا (identity) سکھایا جائے یا conversion ladder کا استعمال کیا جائے جس میں نیچے کی طرف تیر (×) اور اوپر کی طرف تیر (÷) دکھائے گئے ہوں۔ جب طلبہ اعتماد کے ساتھ پیمائشی اکائیوں کو آپس میں تبدیل کرنے لگیں تو انھیں وقت کی تبدیلی کرنا سکھایئے۔طلبہ کو وقت پڑھنے اور اس کی اکائیوں کو تبدیل کرنے کا پہلے سے علم ہے۔ یہ قابلیت اس بات کی متقاضی ہے کہ طلبہ کامیابی کے ساتھ وقت کو 12 گھنٹے میں یا پھر اس کے برعکس وقت کو تبدیل کرسکیں۔ اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ گھنٹوں میں 12 کو جمع یا تفریق کر دیا جائے۔مثال کے طور پر شام کے 3:15 PM کو 24 گھنٹے کے وقت میں تبدیل کرنے کے لیے 12 کو 3:15 میں جمع کر دیں تو 24 گھنٹے کا وقت 15:15 ہو گا اسی طرح 17:00 گھنٹوں کو 12 گھنٹوں میں تبدیل کرنے کے لیے 12 کو گھٹایا جاتا ہے اور p.m. کو شامل کیا جاتا ہے تو وقت ہو گا شام 5:00 PM۔ اس موقع پر طلبہ کو یہ نکتہ بھی سمجھایئے کہ دن کے 12 PM اسی طرح رہتا ہے جب کہ رات 12 AM بجے یہ 00.00 ہو جاتے ہیں۔

اب طلبہ کو وقت کی مدت والے عبارتی سوالات کو حل کروایئے۔ دیگر عبارتی سوالات کی طرح طلبہ کو یہاں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ آیا انھیں وقت کو گھٹانا ہے یا جمع کرنا۔ اگر وقت کو جمع کرنے پر مجموعہ یا کل 60 سے زیادہ ہو تو اسے اوپر کی طرف یعنی اگلی اکائی میں شامل کر دیں۔مثال کے طور پر اگر کل یا مجموعہ 95 منٹ ہو تو اس میں سے 60 منٹ کو گھنٹوں (hours) میں تبدیل کر کے باقی رہ جانے والے منٹ کو منٹوں کے طور پر رکھا جاتا ہے یعنی یہ 1 گھنٹہ اور 35 منٹ بن جاتے ہیں۔ اسی طرح تفریق کرتے ہوئے 60 منٹ یا سیکنڈ کو بالترتیب مستعار لیا جاسکتا ہے۔طلبہ کو اس تصور میں پختہ کرنے کے لیے انھیں درسی کتاب میں دی گئی مشقیں اور مثالیں زیادہ سے زیادہ کروایئے۔

چونکہ طلبہ وقت اور فاصلے کی اکائیوں سے واقف ہیں لہٰذا اب وہ سیکھیں گے کہ فاصلے اور وقت کا آپس میں کیا تعلق ہے۔ کسی خاص مدت (period) میں طے کیا گیا فاصلہ کسی چیز کی رفتار (speed) کہلاتا ہے۔طلبہ کو فاصلہ، وقت اور رفتار کے درمیان تعلق کو سمجھایئے اور اس کے لیے درسی کتاب کے مواد کا استعمال کیجیے۔

Competency 2:

- Calculate the area and perimeter of shaded and unshaded regions in composite shapes
- Find the circumference and area of a circle
- Calculate the surface area and volume of any 3D shape including right prims and cylinders

Stimulus: Students are familiar with basic 2D shapes, such as quadrilaterals and triangles and how to calculate their area and perimeter. Recall with the students that area is the space enclosed within the boundary of a shape, whereas the perimeter is the total length of the boundary. Start the lesson with drawing a circle on the board as best as you can. Now ask the students how they would find the area and perimeter of it. Once they answer, move onto explaining to the students the different parts of a circle, namely circumference, radius, and diameter. Circle is the total lenght of circle. Radius refers to the distance from the center of the circle to the circumference, whereas diameter is twice of a radius. One way of measuring the circumference of a circle is to place a length of thread along the circle. Take care to avoid overlapping the two ends of the thread. Straighten the thread and measure its length along the scale of a ruler. The length of the thread gives the circumference of the circle. For any circle, when the circumference is divided by the diameter, the answer is a number that approximates to 3.14 or $\frac{22}{7}$. This number is called 'pi' and is denoted by the symbol π.

To measure the perimeter of a circle, we use formula $C = 2\pi r$, where π is equal to $\frac{22}{7}$ or 3.142 and r is the radius. In case diameter, instead of a radius, is provided in a question, then the diameter is first divided by 2 to attain the radius of the circle. Similarly, the area of the circle is calculated by πr^2. Use the exercises questions as guided and independent practice for students before moving onto finding the area and perimeter of shaded and unshaded composite shapes. Explain to the students that composite figures are made up of two or more shapes. Since this topic is already explained in the previous class, use the textbook as support to help students determine the area and perimeter of shaded and unshaded regions.

Move onto explaining the students how to find the surface area and volume of prisms. The unit for surface area is m^2, whereas the unit for volume is m^3. Inform the students that prisms are 3D shapes that have two identical parallel bases connected by flat sides. A cube and a cylinder are also prims. Next, explain to the students that right prisms are called so because the base and the faces meet at a right angle. Cuboids, cubes, triangular prisms and cylinders are all right prisms. Students have previously learnt how to calculate the surface area and volume of cube and cuboids. Recall with them the formula and use it for examples in the textbook to help unlock their memory.



قابلیت ۲:

- composite شکلوں میں رنگ بھرے ہوئے اور خالی حصّوں کے رقبے (area) اور احاطے کا حساب لگا سکیں۔
- دائرے کا محیط (circumferance) اور رقبہ معلوم کرسکیں۔
- کسی بھی سہ ابعادی (3D) شکل بشمول right prims اور سلنڈرز کی سطح کے رقبے اور حجم کا حساب لگا سکیں۔

محرک: طلبہ بنیادی دو ابعادی (2D) اشکال جیسے کہ چوکور (quadrilaterals) اور مثلث (triangles) اور وہ ان کا رقبہ اور احاطہ کا حساب لگانا بھی جانتے ہیں۔ طلبہ کو یاد دلایئے کہ رقبہ، کسی شکل کی حدود میں بند جگہ کو کہتے ہیں۔ جب کہ احاطہ اس شکل کی بیرونی حد کی کل لمبائی ہے۔ اب بورڈ پر ایک دائرہ بنا کر سبق کا آغاز کیجیے اور طلبہ سے پوچھیے کہ وہ اس کا رقبہ اور perimeter کیسے معلوم کریں گے پہلے ان کے جواب سنیے پھر وضاحت سے بیان کیجیے کہ دائرے کے مختلف حصّے ہوتے ہیں جیسے محیط (circumferance) ، نصف قطر (radius)، قطر (diameter)، محیط (circumferance) دائرے کے curve کی کل لمبائی ہے۔ نصف قطر (radius) سے مراد وہ فاصلہ ہے جو دائرے کے مرکز سے اُس دائرے تک ہوتا ہے جب کہ قطر (diameter) radius کا دوگنا ہوتا ہے دائرے کے محیط کو ناپنے کے لیے ایک دھاگے کو اس کے کنارے کے ساتھ رکھیے اور اس دوران خیال رکھیے کہ دھاگے کے دونوں سرے اوور لیپ نہ ہوں پھر دھاگے کو سیدھا کریں اور اسے پیمانے (ruler) پر رکھ کر اس کی لمبائی ناپیں۔ دھاگے کی لمبائی اس کے محیط کو ظاہر کرتی ہے کسی دائرے کے محیط کو قطر سے تقسیم کیا جائے تو حاصل ہونے والا عدد تقریباً 3.14 یا $\frac{22}{7}$ ہوتا ہے اس عدد کو پائی 'pi' کہا جاتا ہے اور اسے علامت π سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

